Serial No. of Answer Book ________

KT-XI-14(A)

# اُردو لازمی (گیارھویں)

(Fresh / New Course)

Roll No. ________

Fic No. ________

ہال میں موبائل فون لانا بالکل منع ہے

Fic No. ________

کل نمبرات:100

وقت:3 گھنٹے

نوٹ: اس پرچے کے تین سیکشن ہیں۔سیکشن الف، ب اور ج۔سیکشن الف کو مقررہ وقت کے اندر حل کر کے سپرنٹنڈنٹ صاحب کے حوالے کر دیں۔

وقت:20 منٹ

## حصہ الف

نمبر:20

سوال 1 ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات (الف، ب، ج، د) دیئے گئے ہیں۔درست جواب کا انتخاب کر کے سامنے دیئے گئے خانے میں لکھیں۔

(i) 1906ء میں کل ہند مسلم لیگ کہاں قائم ہوئی تھی؟
الف) آسام میں ب) ڈھاکہ میں ج) لاہور میں د) آگرہ میں

(ii) "تحقیق کا جوہر اور تخلیق کی خواہش انسان کے اندر بالکل ________"
الف) غیر فطری ہے ب) ناپید ہے ج) فطری ہے د) نہیں ہے

(iii) ڈاکٹر سید عبداللہ کا مضمون پاکستانی قومیت کا مسئلہ ان کی کس کتاب سے لیا گیا ہے؟
الف) مباحث ب) وجہی سے عبدالحق تک ج) اشارات تنقید د) سر سید اور ان کے نامور رفقا

(iv) سباق کے معنی بتائیں؟
الف) وضاحت ب) ترجمہ ج) نوعیت د) ربط

(v) گو کیسی ہی عمدہ تبدیلیاں گورنمنٹ یا انتظام میں کی جاویں۔وہ تبدیلیاں ________ سے کچھ زیادہ رتبہ نہیں رکھتیں۔
الف) فرضی کوشش ب) فانوس خیال ج) دھوکے د) وہم

(vi) قاعدہ ہے کہ سچ کے برابر ________ کی بنیاد مستحکم نہیں ہو سکتی۔
الف) الزام ب) جھوٹ ج) وہم د) بہتان

(vii) خاندانی منصوبہ بندی کا موضوع اپنی نوعیت کے اعتبار سے نہ صرف خشک اور سنجیدہ ہے، بلکہ کسی حد تک ________ بھی ہے۔
الف) الم ناک ب) فکر انگیز ج) فرحت بخش د) متنازع

(viii) "اندھیری نگری چوپٹ راج" کیا ہے؟
الف) ترکیب ب) کہاوت ج) محاورہ د) مقولہ

(ix) عذرا کی اماں نے جھنڈا بنایا اور مشعلوں کے لیے ایک بوتل مٹی کے تیل کی کس نے دی تھی؟
الف) طاہرہ کی اماں نے ب) فاخرہ کی اماں نے ج) میمونہ کی اماں نے د) روبینہ کی اماں نے

(x) جمیل الدین عالی کے شامل نصاب سبق کے مطالعہ کے بعد آپ ان کو کس قسم کا ادیب قرار دیتے ہیں؟
الف) مکتوب نگار ب) کہانی نگار ج) سفر نامہ نگار د) ڈراما نگار

(xi) نظم "پرانا کوٹ" کے شاعر کا نام بتائیں۔
الف) سید محمد جعفری ب) مرزا محمود سرحدی ج) حفیظ جالندھری د) سید ضمیر جعفری

(xii) نظیر اکبر آبادی بنیادی طور پر کس قسم کے شاعر تھے؟
الف) مرثیہ گو شاعر ب) مزاحیہ شاعر ج) اسلامی شاعر د) نظم گو شاعر

(xiii) "شاہنامہ اسلام" کس مشہور شاعر کی نظم ہے؟
الف) حفیظ جالندھری ب) میر درد ج) علامہ اقبالؒ د) فیض احمد فیض

(xiv) مولانا الطاف حسین حالی کہاں پیدا ہوئے؟
الف) حیدر آباد میں ب) پانی پت میں ج) فتح پور میں د) دہلی میں

(xv) "راضی ہے اس پہ ________ کی جو کچھ ہو مصلحت"
الف) ماموں ب) بڑوں ج) بیٹے د) باپ

(xvi) شعر گوئی کے پہلے دور میں غالب نے کیا چیز اختیار کی تھی؟
الف) عام فہمی ب) قدرتی مناظر ج) مشکل پسندی د) سہولت پسندی

(xvii) ع: ________ خوش رہو ہم دُعا کر چلے
الف) میاں! ب) فقیرو! ج) جناب عالی! د) محترم!

(xviii) روز و شب میں "و" قواعد کی رُو سے کیا ہے؟
الف) حرفِ ندا ب) حرفِ جار ج) حرفِ اضافت د) حرفِ عطف

(xix) ہم آواز الفاظ کو کیا کہتے ہیں؟
الف) قافیہ ب) ردیف ج) مطلع د) مقطع

(xx) جس نظم میں حضور ﷺ کی تعریف بیان کی جائے، کیا کہلاتی ہے؟
الف) نعت ب) منقبت ج) حمد د) مدح

Result.pk

اُردو لازمی (گیارھویں)
(Fresh / New Course)

وقت:2 گھنٹے 40 منٹ　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　کل نمبر:80

## حصہ دوم

نمبر: 50

سوال2　مندرجہ ذیل میں سے صرف دس کے مختصر جوابات تحریر کریں۔ ہر سوال کے نمبر برابر ہیں۔

(i)　وہ کون سا آزمودہ مقولہ ہے جس میں انسانوں اور قوموں کی ترقی کا تجربہ جمع ہے؟

(ii)　شکیل کون تھا؟ بڑی چچی اُسے یاد کر کے دُکھی کیوں ہو جاتیں ہیں؟

(iii)　علامہ اقبالؒ نے کون سی وطنیت کی مخالفت کی ہے؟

(iv)　خالد ڈار و محمد جمال کے شاملِ نصاب مضمون "کیا بنے گا" کا خلاصہ تحریر کریں۔

(v)　توفیق کی تعارف بیان کریں۔

(vi)　خطوطِ غالب کی خصوصیات تحریر کریں۔

(vii)　رحمان بابا کی نظم اخلاص کا مرکزی خیال تحریر کریں۔

(viii)　ہر اہلِ عصا موسیٰ کیوں نہیں ہو سکتا؟ مرزا دبیر کے مرثیے کی روشنی میں جواب تحریر کریں۔

(ix)　پیری میں کیا جوانی کے موسم کو رو یئے　　　اب صبح ہونے آئی ہے، اک دم تو سو یئے
اس شعر میں شاعر نے انسانی زندگی کے کس پہلو کو اجاگر کیا ہے؟

(x)　ایک بکرے کی آپ بیتی تحریر کریں۔

(xi)　اپنے اُستاد کے نام خط تحریر کریں، جس میں کسی مشکل کے لیے مدد مانگیئے۔

(xii)　"لف و نشر" کی تعریف کریں اور مثالیں دیں۔

(xiii)　درجِ ذیل الفاظ و تراکیب کو جملوں میں استعمال کریں۔
طلسم،　انقلاب،　سحاب،　عیش کوشی،　بے پَر کی اُڑانا

(xiv)　درجِ ذیل عبارت کی تلخیص کریں۔ نیز عنوان بھی تجویز کریں۔

اقبالؒ مسلمانوں کو خودی کی تعلیم دیتے ہیں۔ خودی ان کے کلام میں ایک اہم اصطلاح ہے۔ خودی انسان کی ذات اور شخصیت کو کہتے ہیں۔ انسان اپنی ذات کو پہچانے، اپنے اور خدا کے تعلق کو سمجھے، اگر وہ خود کو سمجھ گیا تو خدا کا سُراغ پالینا کوئی مشکل نہیں ہے۔ اقبال مسلمانوں میں خودی کو بیدار کرنا چاہتے تھے۔ عجز و کمزوری اور بزدلی کو دور کر کے انسان کو اس کے اصل مقام سے آشنا کرنا چاہتے تھے اور ایسے ہی مسلمان کو جس کی خودی بیدار ہو گئی ہو وہ مومن کہتے ہیں۔

## حصہ سوم

نمبر: 30

نوٹ: مندرجہ ذیل میں سے کوئی سے تین سوالات کے جوابات تحریر کریں۔ ہر سوال کے نمبر برابر ہیں۔

سوال3　سیاق وسباق کے حوالے سے کسی ایک نثر پارے کی تشریح کریں۔　10

الف)　اکثر ماں باپ اپنے بچوں کو اُن کی معصوم خطاؤں پر اور بے باک شوخیوں اور گستاخیوں پر خوب گوشمالی کرتے ہیں، مگر وہ یہ یاد رکھیں کہ بچوں کو صرف ان دو قصوروں پر سزا دینی چاہیے، ایک جھوٹ پر اور دوسری سرکشی پر۔ جب تک ان دو برائیوں سے ان کو وہ نہ چھڑائیں، سزا دینے سے ہاتھ کو نہ اٹھائیں۔ اگر جھوٹ کا چسکا اس عمر میں زبان کو لگ گیا تو وہ بڑے ہونے پر اور بڑھے گا۔

ب)　مولوی (قصاب سے) دیکھ خلیفہ نے ہتھیار رکھ دیے ہیں، تم بھی رکھ دو، یہ تیز ہتھیار ہیں نا بیٹے! ہاتھ واتھ کٹ جائے گا۔ خون نکل ا ائے گا نا۔ رکھ د۔ شاباش۔
(قصاب حجام کی دیکھا دیکھی خود بھی چُھرا کندے پر رکھ دیتا ہے)
مولوی: (قصاب کے دو ڈنڈے زوردار لگاتے ہیں) رکھ رکھ۔ کم بخت کہیں کے۔ کوئی قینچی دکھا رہا ہے۔ کوئی چُھرا دکھا رہا ہے۔ کوئی چھچی دکھا رہا ہے۔ مدرسۂ تعلیم بالغاں کیا ہوا، اچھی خاصی ایسٹ پاکستان کی اسمبلی بنا رہے ہیں۔

سوال4　شاعر و نظم کے حوالے سے کسی ایک جز کی تشریح کریں۔　10

الف)
کبھی تو اُن کی حسینوں سے شکل ملتی ہے!　　کبھی پناہ گزینوں سے شکل ملتی ہے۔
خدا کی شان ہے وہ ہیں مرے وطن کے جواں　　کہ جن کی پردہ نشینوں سے شکل ملتی ہے۔

ب)
قتلِ عاشق کسی معشوق سے کچھ دُور نہ تھا　　پر ترے عہد کے آگے تو یہ دستور نہ تھا
رات مجلس میں ترے حُسن کے شعلے کے حضور　　شمع کے منہ پہ جو دیکھا، تو کہیں نُور نہ تھا

سوال5　بازار میں ناجائز تجاوزات کے خلاف، میونسپل کارپوریشن کے چیئرمین کے نام درخواست تحریر کریں۔　10

سوال6　استاد اور شاگرد کے مابین "پانی کا ضیاع" روکنے کے بارے میں مکالمہ تحریر کریں۔　10

☆☆☆

Result.pk